# خیبر پختونخوا کے نصاب، نصابی کُتب اور معیار کی تحفظ کا ایکٹ، مجریہ ۲۰۱۱ء

## خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر VII آف ۲۰۱۱ء

## فہرست

**تمہید۔**

**دفعات۔**


۱. مختصر عنوان، وسعت اور آغاز۔

۲. تعریفات۔

۳. مجاز اتھارٹی کا تقرر و فرائض۔

۴. سزا۔

۵. جرائم کی اختیار سماعت۔

۶. کاروائی سے استثنیٰ۔

۷. قواعد بنانے کا اختیار۔

# خیبر پختونخوا کے نصاب، نصابی کُتب اور معیار کی تحفظ کا ایکٹ، مجریہ ۲۰۱۱ء

## خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر VII آف ۲۰۱۱ء

[ایکٹ ھٰذا کو گورنر کی رضامندی حاصل ہونے کے بعد، پہلی دفعہ مورخہ ۹ مئی ۲۰۱۱ء کو (غیر معمولی) گزٹ میں شائع کیا گیا۔]

### ایک ایکٹ

خیبر پختونخوا کے ابتدائی، مڈل، ہائی، ہائیر سکنڈری سکول اور انٹر میڈیٹ کی سطح تک کی تعلیمی نصاب، نصابی کُتب اور تعلیمی معیار کی تحفظ کی نگرانی کیلئے حکم۔

**تمہید۔**---ہر گاہ یہ بات قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا کے ابتدائی، مڈل، ہائی، ہائیر سکنڈری سکول اور انٹر میڈیٹ کی سطح تک کی تعلیمی نصاب، نصابی کُتب اور تعلیمی معیار کی تحفظ کی نگرانی کیلئے حکم۔

یہ درج ذیل طریقے سے عمل میں آئے گا۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز۔** --- (۱) یہ ایکٹ خیبر پختونخوا کے تعلیمی نصاب، نصابی کُتب اور معیار کی تحفظ کا ایکٹ ۲۰۱۱ء کہلائے۔

(۲) یہ ایکٹ پورے صوبہ خیبر پختونخوا میں نافذ العمل ہو گا۔

(۳) یہ ایکٹ فوری طور پر نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات۔**---اس ایکٹ میں بجُز اس کے، کہ نفس مضمون یا متن میں کوئی تضاد پایا جائے،-

(اَ) "مجازات" سے مراد دفعہ ۳ کے تحت مقرر کردہ مجاز اتھارٹی ہے؛

(ب) "صوبہ" سے مراد صوبہ خیبر پختونخوا ہے؛

(ج) "حکومت" سے مراد خیبر پختونخوا کی حکومت ہے؛

(د) "ادارہ" سے مراد انٹر میڈیٹ کالج یا سکول اور وہ تمام تعلیمی ادارے جن کو حکومت نے اس جُز کے مقصد کیلئے سرکاری گزٹ میں بذریعہ نوٹیفیکیشن وضع کی گئی ہو؛ اور

(ہ) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت قواعد ہیں۔

۳۔ **مجاز اتھارٹی کا تقرر و فرائض۔**--- (۱) اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کیلئے حکومت ایک ایگزیکٹیو ایک سے زیادہ مجاز اتھارٹیز بذریعہ سرکاری نوٹیفیکیشن مقرر کر سکتی ہے۔

(۲) مجاز اتھارٹی کر سکتی ہے،-

(اَ) حکومت کی تعلیمی پالیسی پر عمل درآمد کیلئے ادارے کے مختلف جماعتوں میں تعارف کیلئے مطالعاتی منصوبے، نصاب، نصابی کُتب کے سودے اور جدول یا حکمتِ عملی تیار کرے یا تیاری کو بروئے کار لائے؛

(ب) ادارے کے مختلف جماعتوں میں تجویز کرنے سے پہلے دوسرے ایجنسیوں کی طرف سے پیش کردہ نصابی کُتب کے مسودے کی منظوری دے؛

(ج) ادارے کے کسی جماعت کے نصاب، نصابی کُتب یا متعلقہ مواد کو حکمی یا کسی حصے کو ختم کرے، ترمیم یا واپس لینے کیلئے کسی شخص یا ایجنسی کو تحریری طور پر ہدایت نامے میں مقررہ معیاد تک ہدایت جاری کر سکتا ہے؛اور

(د) شخص یا ایجنسی مجاز اتھارٹی کے ہدایت نامے کے زیر ذیلی دفعہ ( ۲) کے اجزاء(ج) اور(د) پر جلد زا جلد عمل کرے گا اور ہدایت نامہ میں مقررہ معیار کے اندر مجاز اتھارٹی کو عمل درآمد کی رپورٹ جاری کرے گا۔

۴. **سزا.**---اگر شخص یا ایجنسی کے معاملات کے دفعہ ( ۲) کے جُز(ج) کے تحت ہدایت جاری کی گئی ہو، پورا کرنے میں ناکام رہے۔ تو اس کو ایک سال تک قید کی سزا دی جائے گی اور انتہائی بدانتظامی کا ترکیب ہو گا اور تقرری اتھارٹی کے حکم سے مذکورہ ایجنسی کو ہٹا کر دوسری ایجنسی کو رکھے گا۔

۵. **جرائم کی اختیار سماعت.**---کوئی عدالت مجاز اتھارٹی کی تحریری استغاثے کے علاوہ، اس ایکٹ کے تحت قابلِ سزا جرم کی اختیار دست انداز نہیں کریگا۔

۶. **کاروائی سے استثنٰی.**---کسی شخص جس نے اس ایکٹ یا کسی قاعدے یا حکم کے تحت کوئی فعل نیک نیتی سے کیا ہو، اُس کے خلاف کوئی دعویٰ، استغاثہ یا دیگر قانونی کاروائی دائر نہ ہو گی۔

۷. **قواعد بنانے کا اختیار.**---اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کیلئے حکومت سرکاری گزٹ میں بذریعہ نوٹیفکیشن قواعد بنا سکتی ہے۔